**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

# سبّی میں پاکستان تحریک انصاف کی انتخابی ریلی پر دہشت گرد حملہ

30 جنوری 2024

- پاکستان تحریک انصاف کی سبّی میں تحریک انصاف کی انتخابی ریلی میں بم دھماکے کی شدید مذمت
- نہتّے کارکنان کی شہادتوں پر نہایت رنج اور دکھ کا اظہار
- تحریک انصاف کی پر امن انتخابی ریلی پر حملہ نگران صوبائی و وفاقی حکومتوں کی مجرمانہ ناکامی ہے۔
- ریاستی مشینری بانی چیئرمین عمران خان اور وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی سمیت تحریک انصاف کے قائدین اور کارکنان کو جعلی اور جھوٹے مقدمات میں بھونڈے طریقے سے سزائیں دلوانے میں مصروف ہے۔
- امنِ عامہ کے ذمہ دار ادارے ننگی لاقانونیت کے ذریعے بدترین سیاسی انجینئرنگ میں مصروف ہیں جبکہ شرپسند عناصر پوری آزادی سے شہریوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں۔
- انتخابات سے قبل تحریک انصاف کی پر امن انتخابی سرگرمی پر اس قسم کا حملہ بادی النّظر میں عوام اور تحریک انصاف کو خوفزدہ کرنے اور انتخابات پر ڈاکے کا ماحول پیدا کرنے کے مترادف ہے۔
- غیر قانونی، غیر آئینی، غیر سیاسی اور زائد المیعاد نگران وزیر اعظم، وزیرِ داخلہ اور صوبائی حکومت جواب دیں کہ ہائی الرٹ کے باوجود کیوں تحریک انصاف کی ریلی کو تحفظ فراہم نہیں کیا گیا۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- واقعے کی پوری تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داروں کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کیلئے نگران حکومتوں کی مجرمانہ غفلت کی بھی تحقیق کی جائے۔
- شہید کارکنان کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔
- زخمیوں کے معیاری علاج معالجے میں کسی قسم کی غفلت گوارا نہیں کریں گے۔
- شہداء کے لواحقین کیلئے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد اور مکمل شفایابی کیلئے دعا گو ہیں۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ